58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 17 | صفحات: 08 | ۱۷ جنوری ۲۰۲۶ بروز سنیچروار بمطابق ۲۷ رجب ۱۴۴۷ | Saturday 17th January 2026 | جلد نمبر 58






58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 17 | صفحات: 08 | ۱۷ جنوری ۲۰۲۶ بروز سنیچر وار بمطابق ۲۷ رجب ۱۴۴۷ | Saturday 17th January 2026 | جلد نمبر 58



## ڈیوڈووچ فوکینا کو شکست دی

فرانس کے اوگو ہمبرٹ نے ایڈیلیڈ انٹرنیشنل کے سیمی فائنل میں ٹاپ سیڈ الیخاندرو ڈیوڈووچ فوکینا کو سخت مقابلے میں ۶-۳، ۵-۷، ۷-۶(۴) سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی۔ یہ ہمبرٹ کا اے ٹی پی ٹور کا ۱۱واں فائنل ہے، جہاں وہ اپنے آٹھویں خطاب کے لیے چیک کھلاڑی ٹوماس ماخاک سے مقابلہ کریں گے۔ (تفصیلات اندر)



## صلاح لیورپول واپسی کے لیے تیار

افریقن کپ آف نیشنز (AFCON) میں مصر کا سفر اختتام پذیر ہونے کے بعد اسٹار فٹبالر محمد صلاح اتوار کو لیورپول واپسی کے لیے تیار ہیں۔ مصر کی ٹیم سیمی فائنل میں سینیگل سے شکست کے بعد اب ہفتہ کو مراکش میں نائیجیریا کے خلاف تیسری پوزیشن کے پلے آف میچ میں حصہ لے گی۔ صلاح کی واپسی اس لیے زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہے۔ (تفصیلات اندر)

## وزیراعلیٰ کی شبِ معراج کے موقع پر عوام کو مبارک باد

جموں/ وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے آج مقدس شبِ معراج النبی ﷺ کے موقع پر جموں وکشمیر کے عوام کو گرمجوشی سے مبارکباد پیش کی۔ جو نبی کریم حضرت محمد ﷺ کے معجزاتی شب کے سفر اور آسمانوں کی سیر (اسراء ومعراج) کی یاد دلاتی ہے۔ اپنے مبارکبادی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے اس مقدس رات کی گہری روحانی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ یہ رات نبی کریم ﷺ کی سچائی، عظمت اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ پختہ عقیدت و وابستگی کی تصدیق کرتی ہے۔ انہوں نے شبِ معراج/1




## معراج العالم (ﷺ) پر مساجد، خانقاہوں اور زیارت گاہوں میں روح پرور شب خوانی

### سب سے بڑی اور مرکزی تقریب جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب آثارِ شریف حضرتبل میں منعقد ہوئی



سرینگر/ سی این ایس/ معراج العالم ﷺ کی مبارک اور بابرکت ساعتوں کی یاد میں وادی کشمیر سراسر ایمان، عقیدت اور روحانیت کے نور سے جگمگا اٹھی۔ اس عظیم الشان موقع پر وادی بھر کی مساجد، خانقاہوں اور زیارت گاہوں میں روح پرور شب خوانی اور ذکر و اذکار کی محافل منعقد ہوئیں، جن میں لاکھوں فرزندانِ توحید نے شرکت کر کے اللہ رب العزت کے حضور سربسجود ہو کر مغفرت، رحمت اور قربِ الٰہی کی دعائیں مانگیں۔ اس سلسلے کی سب سے بڑی اور مرکزی تقریب جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب آثارِ شریف حضرتبل میں منعقد ہوئی، جہاں منفی درجہ حرارت اور شدید سردی کے باوجود ہزاروں عاشقانِ رسول ﷺ رات بھر عبادت، درود وسلام اور ذکر وفکر میں مشغول رہے۔ شب خوانی کے دوران علماء ومشائخ نے فلسفہ معراج، عظمتِ مصطفیٰ ﷺ اور بندہ مومن کے روحانی ارتقاء پر سیر حاصل گفتگو کی، جبکہ ختماتِ معظمات اور درود واذکار کی محفلوں سے فضا معطر ہوتی رہی۔ ہفتہ کی فجر کے بعد سے ہی حضرتبل میں موئے مقدس کے دیدار کا سلسلہ شروع ہوا، جہاں عشاء تک ہر نماز کے بعد/2

## ہندستان میں دنیا کا تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اپ کا ماحولیاتی نظام/ وزیراعظم

### ہندستانی نوجوان کاروباریوں کے عزم واستقلال اور لگن کی ستائش

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اسٹارٹ اپ انڈیا کے قومی دن کے موقع پر اسٹارٹ اَپ کی دنیا سے وابستہ تمام افراد کو دلی نیک خواہشات پیش کیں۔ اس برس کی تقریبات کو خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ یہ تقریبات اسٹارٹ اَپ انڈیا پہل کے آغاز کے دس برس مکمل ہونے کی علامت ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ یہ دن اُن لوگوں خصوصاً نوجوانوں کے حوصلے، اختراعی سوچ اور کاروباری جذبے کا جشن منانے کا موقع ہے، جنہوں نے عالمی اسٹارٹ اَپ ماحولیاتی نظام میں ہندستان کے عروج کو توانائی بخشی ہے۔ اسٹارٹ اَپس کے انقلابی کردار پر زور دیتے ہوئے مسٹر نریندر مودی نے کہا: اسٹارٹ اَپس تبدیلی کے محرک ہیں جو ہماری معیشت اور معاشرے کے مستقبل کو نئی شکل دے رہے ہیں۔ یہ ہمارے سیارے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں غیر معمولی کام کر رہے ہیں اور ساتھ ہی لوگوں کے لیے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔ مجھے اُن تمام افراد پر فخر ہے جنہوں نے بڑے خواب دیکھنے کی ہمت کی، روایتی حدود کو چیلنج کیا، خطرات کا سامنا کیا اور اپنے اسٹارٹ اَپس کے ذریعے بامعنی اور انقلابی اثرات مرتب کیے۔ "وزیرِ اعظم نے مزید کہا کہ ہندستانی حکومت تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر اسٹارٹ اَپ ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے تئیں مسلسل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہندستان کی جانب سے شروع کی گئی ریفارم ایکسپریس نے اسٹارٹ اَپس کے لیے ایک سازگار ماحول پیدا کیا ہے، جس کے نتیجے میں وہ اب خلاء اور دفاع جیسے اُن شعبوں میں بھی قدم رکھ پا رہے ہیں جنہیں کبھی ناقابلِ تصور خیال کیا جاتا تھا۔ انہوں نے اس بات پر فخر کا اظہار کیا کہ اسٹارٹ اَپس آتم نربھر کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں اور حکومت اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ وہ خطرات مول لینے اور مسائل کا حل تلاش کرنے والے نوجوانوں کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی۔ مسٹر مودی نے سرپرست، انکیوبیٹرز، سرمایہ کار، تعلیمی ادارے اور دیگر شراکت دار سمیت اسٹارٹ اَپس کے وسیع تر ماحولیاتی نظام کے کردار کو بھی سراہا۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ ان کی رہنمائی اور بصیرت نوجوان اختراع کاروں کی حوصلہ افزائی میں/3



## گریز، زوجیلا اور لداخ برف کی لپیٹ میں آ گئے ہیں

### گلمرگ، سونہ مرگ اور دودھ پتھری جیسے سیاحتی مقامات پر بھی ہلکی برفباری

سرینگر/ یو این آئی/ وادی کشمیر کے بالائی علاقوں بشمول سیاحتی مقامات پر تازہ برفباری ہوئی ہے۔ برفباری کے اس نئے سلسلے نے نہ صرف سردی بڑھا دی ہے بلکہ وادی کے موسم سرما کو بھی ایک نئی کروٹ دے دی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ گریز کے بیشتر حصوں میں دو انچ تک برف جمع ہوئی ہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ برفباری دیر سے شروع ضرور ہوئی، لیکن اس تازہ سلسلے سے پانی کے ذخائر اور موسمِ بہار کی تیاریوں میں فائدہ ہوگا۔ گریز میں سڑکوں اور گلیوں پر برف کی تہہ جم چکی ہے اور ٹھنڈی ہوا نے ماحول مزید سخت کر دیا ہے۔ زوجیلا پاس، جو لداخ اور کشمیر کے درمیان اہم رابطہ ہے، بھی برف کی لپیٹ میں آ گیا ہے۔ یہاں تقریباً دو انچ برف پڑنے کے بعد ٹریفک کو انتہائی احتیاط سے گزارا جا رہا ہے۔ فوج اور ٹریفک حکام نے سڑکوں پر پھسلن کی وجہ سے بھاری گاڑیوں کو کچھ دیر کے لیے روک دیا، جبکہ مشینری کو برف ہٹانے کے لیے تیار رکھا گیا ہے۔ سادھنا ٹاپ میں تین انچ تک برفباری ریکارڈ ہوئی ہے جس سے کئی دیہاتی راستے دشوار ہو گئے ہیں۔ اس علاقے میں عام طور پر سردیوں میں سفر دشوار ہو جاتا ہے، اور تازہ برف نے حالات کو مزید نازک بنا دیا/4

## کپوارہ میں ڈاکہ زنی کے معاملہ میں تین اشخاص گرفتار

### بعدازاں ملزمان کے گھروں سے مسروقہ سامان برآمد کیا گیا/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ کپوارہ پولیس نے چوری کے ایک کیس کو حل کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضے سے مسروقہ سامان بھی برآمد کیا ہے۔ پولیس کے مطابق 10 جنوری کو حجاج مارکیٹ میں چوری/ ڈکیتی کی واردات کی اطلاع موصول ہوتے ہی متعلقہ پولیس اسٹیشن میں فوری طور پر ایف آئی آر درج کی گئی۔ تفتیش کو آگے بڑھانے کے لیے ڈی وائی ایس پی ہیڈکوارٹر مبشر نیاز کی قیادت میں متعدد پولیس ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ تحقیقات کے دوران مختلف مقامات سے سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کر کے باریک بینی سے جانچ کی گئی، جس سے اہم سراغ ملے۔ انہی شواہد کی بنیاد پر ایک مشتبہ شخص اختر احمد میر ولد غلام محمد میر ساکن درگمولہ کو گرفتار کیا گیا۔ اس کی نشاندہی پر دو مزید ساتھیوں کو بھی حراست میں لیا گیا جن کی شناخت/5

## اگر عمر عبداللہ جموں مخالف ہوتے تو دربار موبحال نہ ہوتا/ سریندر چودھری

### کچھ عناصر جموں کو نقصان پہنچانے کیلئے علیحدہ ریاست کا مطالبہ کر رہے ہیں



سرینگر/ سی این ایس/ جموں وکشمیر کے نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت پر جموں مخالف ہونے کے الزامات کو سختی کے ساتھ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ دربار موو کی بحالی خود اس بات کا ثبوت ہے کہ نیشنل کانفرنس کی حکومت جموں خطے کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی کی قائل نہیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سریندر چودھری نے کہا کہ اگر سابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ جموں مخالف ہوتے تو دربار موو کی بحالی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی روایت بی جے پی کے دور حکومت میں بند/6

## علیحدہ جموں کا مطالبہ آج بھی زندہ/ بی جے پی رکن اسمبلی

### نیشنل لاء یونیورسٹی صرف جموں میں ہونی چاہیے/ وکرم رندھاوا



جموں/ سی این ایس/ بی جے پی کے رکنِ اسمبلی اور بہو حلقہ انتخاب سے نمائندہ وکرم رندھاوا نے کہا ہے کہ علیحدہ جموں خطے کا مطالبہ آج بھی پوری طرح زندہ ہے اور یہ مطالبہ کسی جذباتی یا وقتی سوچ کا نتیجہ نہیں بلکہ دہائیوں سے جاری عدم توازن اور کشمیر کی جانب سے جموں پر مبینہ بالادستی کے باعث ابھرا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وکرم رندھاوا نے کہا کہ جس طرح ماضی میں کشمیر نے لداخ پر غلبہ رکھا، اسی طرز پر جموں کو بھی مسلسل نظرانداز کیا جاتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ لداخ کو علیحدہ یونین ٹیریٹری کا درجہ ملنے کے بعد وہاں حالات میں بہتری آئی، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ انتظامی انصاف کے بغیر علاقائی توازن ممکن نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگرچہ وہ کسی علیحدگی کے حق میں نہیں ہیں، تاہم جموں کے عوام میں موجود احساسِ محرومی/10

## جموں یونیورسٹی کی 89ویں یونیورسٹی کونسل میٹنگ

### یونیورسٹیز کیلئے وقت آ گیا ہے کہ وہ جدت کی قیادت کریں/ منوج سنہا



جموں/ لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے جمعہ کے روز لوک بھون میں جموں یونیورسٹی کونسل کی 89ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں وزیر صحت وطبی تعلیم، اسکول ایجوکیشن، ہائیر ایجوکیشن اور سماجی بہبود محترمہ سکینہ ایتو، وائس چانسلر جموں یونیورسٹی، وائس چانسلر کشمیر یونیورسٹی، وائس چانسلر کلسٹر یونیورسٹی جموں، وائس چانسلر کلسٹر یونیورسٹی کشمیر، پرنسپل سیکرٹری فائنانس، لفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری، کمشنر سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن، ڈائریکٹر آئی آئی ایم کلکتہ، سابق پروفیسر ڈیپارٹمنٹ آف سوشیالوجی، بی ایچ یو وارنسی، رجسٹرار جموں یونیورسٹی اور کونسل کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ یونیورسٹی کونسل نے لفٹیننٹ گورنر کی صدارت میں اجلاس کیا اور مختلف ایجنڈا آئیٹمز اور تجاویز کو اصولی منظوری دی جن میں نیشنل ایجوکیشن پالیسی (این ای پی) 2020 اور یو جی سی کے رہنما خطوط کے مطابق متعدد شقیں شامل/7

## بارہمولہ میں مارٹر شیل برآمد

### فوج نے ناکارہ بنا دیا

سرینگر/ یو این آئی/ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ میں جمعہ کے روز کھدائی کے دوران ایک زندہ مارٹر شیل برآمد ہوا، جسے بعد میں فوج کی بم ڈسپوزل ٹیم نے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق زندہ شیل رام پور علاقے میں ایک آرمی یونٹ کے نزدیک کھدائی کے کام کے دوران ملا۔ شیل ملتے ہی فورسز نے فوری طور پر علاقے کو سیل کر کے سکیورٹی حصار قائم کیا اور مقامی پولیس کو بھی مطلع کیا گیا۔ بعد ازاں فوج کی بم ڈسپوزل اسکواڈ نے پولیس کی موجودگی میں شیل کو بخیر وعافیت تلف کر دیا۔ کارروائی کے دوران کسی جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی۔

## اننت ناگ میں منشیات فروش کی منقولہ جائیداد ضبط/ پولیس

### ان میں سفاری گاڑی زیر رجسٹریشن نمبر JK03C-9999 شامل

سرینگر/ یو این آئی/ منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کو جاری رکھتے ہوئے اننت ناگ پولیس نے ایک بدنام زمانہ منشیات فروش کی منقولہ جائیداد کو این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ضبط کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اننت ناگ پولیس نے منشیات کے متعدد مقدمات میں ملوث ایک عادی ملزم کی جائیداد کو ضبط کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اسٹیشن بجبہاڑہ نے ایک ٹاٹا سفاری گاڑی زیر رجسٹریشن نمبر JK03C-9999 کو ضبط کر دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ گاڑی بشیر احمد ڈار ولد حبیب اللہ ڈار ساکن گاڈنجی پورہ بجبہاڑہ کی ملکیت ہے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ ملزم ایک بدنام زمانہ منشیات فروش ہے جو بارہا منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث پایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں اس کو پولیس اسٹیشن بجبہاڑہ میں این ڈی پی ایس ایکٹ کے دفعہ 8/21 کے تحت زیر ایف آئی آر نمبر 241/2025 میں گرفتار کیا گیا تھا۔

## فرضی ایم بی بی ایس داخلہ معاملے میں دو بھائیوں کے خلاف چارج شیٹ

### پولیس اسٹیشن کرائم برانچ کشمیر کی جانب سے تفصیلی تفتیش شروع کی گئی

سرینگر/ یو این آئی/ کرائم برانچ کشمیر (سی بی کے) کے اقتصادی جرائم ونگ نے ایک مبینہ فرضی ایم بی بی ایس داخلہ سے متعلق ایک معاملے میں کرناٹک سے تعلق رکھنے والے دو بھائیوں کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ کرائم برانچ نے تعزیرات ہند (آئی پی سی) کی دفعہ 420 اور 120-بی کے تحت درج ایف آئی آر زیر نمبر 10/2024 میں دو ملزموں کے خلاف سب جج بارہمولہ کی عدالت میں ایک چارج شیٹ دائر کی ہے۔ ملزموں کی شناخت عاقب جاوید ولد محمد ایوب اور محمد احتشام ولد محمد ایوب ساکنان آدرش نگر گلبرگہ کرناٹک کے طور پر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدمہ ایک تحریری شکایت کی بنیاد پر درج کیا گیا جس میں شکایت کنندہ نے الزام لگایا کہ ڈاکٹر شمس الدین نامی ایک شخص جو الامین میڈیکل کالج بیجاپور کرناٹک میں کام کرتا ہے، نے اس سے رابطہ کر کے اس کے بیٹے کا ایم بی بی ایس میں داخلہ ملزم محمد عاقب جاوید کے ذریعے کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ ان کا کہنا ہے: ' اس یقین دہانی پر شکایت کنندہ کو 13 لاکھ روپے ادا کرنے پر آمادہ کیا گیا تاہم نہ اس کے بیٹے کو کسی میڈیکل کالج میں داخلہ دیا گیا اور نہ ہی اس بہانے سے حاصل کی گئی رقم واپس کی گئی'۔ بیان میں کہا گیا کہ شکایت موصول ہونے کے بعد پولیس اسٹیشن کرائم برانچ کشمیر کی جانب سے تفصیلی تفتیش شروع کی گئی۔ انہوں نے کہا/9

## صرف ایک مضمون میں ناکامی کے بعد طالبہ نے "خودکشی" کی

### ڈوڈہ کے بعد راجوری میں اپنی نوعیت کا دوسرا واقعہ پیش

راجوری/ سی این ایس/ دسویں جماعت کے امتحانی نتائج کے اعلان کے بعد ایک اور افسوسناک واقعہ ضلع راجوری سے سامنے آیا ہے، جہاں ایک 16 سالہ طالبہ نے مبینہ طور پر ایک مضمون میں ناکامی کے بعد خودکشی کر لی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق، متوفیہ کی شناخت محمد رفیق کی بیٹی کے طور پر ہوئی ہے، جو شاہپور کوٹرنکا علاقے کی رہائشی تھی۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق، طالبہ امتحانی نتائج سامنے آنے کے بعد شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو گئی تھی۔ اہل خانہ نے بتایا کہ نتائج کے بعد لڑکی کافی پریشان تھی، تاہم کسی کو بھی یہ اندازہ نہیں تھا کہ وہ اس قدر انتہائی قدم اٹھا لے گی۔ واقعے کے بعد علاقے میں غم واندوہ کی فضا چھا گئی ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ چند روز قبل ضلع ڈوڈہ میں بھی ایسا ہی واقعہ پیش آیا تھا، جہاں ایک طالب علم نے ایک مضمون میں ناکامی کے بعد اپنی جان لے لی تھی۔ ماہرین تعلیم اور ذہنی صحت کے ماہرین نے والدین، اساتذہ اور تعلیمی اداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ طلبہ کو تعلیمی دباؤ سے نمٹنے کے لیے مناسب مشاورت، رہنمائی اور جذباتی تعاون فراہم کریں، کیونکہ تعلیمی ناکامی وقتی ہوتی ہے اور زندگی اس سے کہیں زیادہ قیمتی ہے۔

## مساجد وائمہ کی پروفائلنگ کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے/ درخشاں اندرابی

### اس اقدام کا مقصد مذہبی املاک اور اثاثوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے



پلوامہ/ سی این ایس/ جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے مساجد، ائمہ، خطباء اور مقامی اوقاف کمیٹیوں کے اراکین کی پروفائلنگ اور پولیس ویریفکیشن کے عمل کا دفاع کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی ہے کہ اس معاملے کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے۔ جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ کے لاسی پورہ علاقے میں ایک افتتاحی تقریب کے حاشیے پر میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا کہ مساجد، ائمہ وخطباء اور وقف کمیٹی کے اراکین کی جاری پولیس ویریفکیشن کارروائی جموں وکشمیر کے عوام کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس اقدام کا واحد مقصد وقف کے تحت آنے والی مذہبی املاک اور اثاثوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ وقف چیئرپرسن نے کہا، اس عمل کو بلاوجہ سیاست کی نذر نہیں کیا جانا چاہیے،/8

